Good Food, Good Life

پریس ریلیز

نیسلے پاکستان اور سینٹر فار ایکسیلنس ان جرنلزم (IBA CEJ) کی طرف سے صحافیوں کے لئے ورکشاپ کا انعقاد

لاہور (12 دسمبر، 2019)

نیسلے پاکستان نے سینٹر فار ایکسیلنس ان جرنلزم (IBA CEJ) کے اشتراک سے غذائیت اور صحت کی رپورٹنگ سے منسلک صحافیوں کیلئے ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا۔

ورکشاپ میں متعدد میڈیا تنظیموں سے پرنٹ، الیکٹرونک اور ڈیجیٹل شعبہ سے تعلق رکھنے والے صحافیوں نے شرکت کی۔

ورکشاپ کی قیادت CEJ کے ڈائریکٹر کمال صدیقی نے کی جبکہ غذائی ماہرین، پالیسی ایکسپرٹ کے ساتھ ساتھ سنیئر صحافیوں نے موضوع پر لیکچر دیا۔ یہ کورس صحت اور بزنس رپورٹنگ کرنے والے نوآموز اور درمیانی تجربہ کے حامل صحافیوں کیلئے ترتیب دیا گیا تھا۔

ورکشاپ کے دوران پاکستان میں غذائیت کے حوالے سے روشنی ڈالی گئی اور پاکستان میں غذائیت قلت کی وجوہات کو اجاگر کیا گیا۔ ورکشاپ کے دوران پاکستان کے صحت کے نظام، پالیسیوں اور اس حوالے سے اہم ایشوز پر سیشنز رکھے گئے۔ غذائی سروے پاکستان 2019 کے مطابق بچوں کی نشوونما پاکستان کا بڑا مسئلہ ہے، غذائی کمی کے باعث 12 ملین بچوں کی نشوونما ان کی عمر سے کم رہ جاتی ہے جبکہ آدھے سے زائد (53.7 فیصد) پاکستانی بچے خون کی کمی جبکہ 5.7 فیصد شدید کمی کا شکار ہیں۔

تربیتی ورکشاپ پر اظہار کرتے ہوئے نیسلے پاکستان کے کارپوریٹ افیئرز کے سربراہ وقار احمد نے کہا کہ غذائیت، صحت اور خوشحالی کے بارے میں آگاہی اچھی صحت اور خوشحالی کیلئے اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی اہداف (ایس ڈی جی) 3 سے متعلق ہمارے عزم کا حصہ ہے جس کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ بچے غذائیت اور جسمانی سرگرمی کی قدر و قیمت کو سمجھیں اور صحت مند زندگی گزاریں۔ اس طرح کی تعلیمی ورکشاپ ہمارے مقاصد کے حصول میں مددگار ثابت ہوتی ہیں کیونکہ صحافی بچوں اور والدین میں غذائیت اور صحت مند زندگی کے حوالے سے نہ صرف آواز بلند کرتے ہیں بلکہ معلومات بہم پہنچاتے ہیں۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سی ای جی کے ڈائریکٹر کمال صدیقی نے کہا کہ غذائیت اور صحت بہت اہم شعبے ہیں لیکن جب بات رپورٹنگ کی ہو تو انہیں عام طور پر نظرانداز کیا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم صحافیوں کے ساتھ کام کرنا چاہتے ہیں تاکہ وہ اس حوالے سے کام کریں اور بہتر رپورٹنگ کریں۔

ورکشاپ کے شرکاء نے میڈیا میں صحت اور غذائیت سے متعلق موجودہ خبروں کا جائزہ لیا اور اس حوالے سے رپورٹنگ میں خلا کو پر کرنے کیلئے طریقوں پر گفتگو کی۔

نیسلے پاکستان کے بارے میں:

نیسلے خوراک اور مشروبات تیار کرنے والی دنیا کی بڑی کمپنی ہے۔ دنیا کے 191 ممالک میں فعال ہے۔ نیسلے کے 3 لاکھ 28 ہزار ملازمین معیار زندگی کو بڑھانے اور صحت مند مستقبل کے لئے کردار ادا کے نیسلے کے مقصد کیلئے پرعزم ہے۔ نیسلے والدین اور بچوں کیلئے انواع اقسام کی مصنوعات اور خدمات کی فراہم کرتی ہے۔

مزید معلومت کیلئے رابطہ کریں

فاطمہ اختر

مینجر تعلقات عامہ

فون نمبر 8552047-345-92+

ای میل: fatimaakthar.ahmad@pk.nestle.com